# کتلونیا۔جغرافیائی حدوداربعہ اور آبادی
## CATALUNYA

کتلونیا کتلان قوم کی ریاست ہے جو اسپین کے شمال مشرقی علاقہ میں واقع ہے۔اس کا کل رقبہ 32ہزار 107 مربع کلومیٹر تک محیط ہے۔جس کا ایک حصہ بحیرہ روم کے ساتھ جا لگتا ہے۔جبکہ شمالی حصہ فرانس اور اندورا کے ساتھ ملحق ہے۔مغرب میں اراگون کی ریاست اور جنوب میں والنسیا ہے

کتلونیا کا ساحل 580 کلومیٹر تک پھیلا ہوا ہے جبکہ اسکے دوسری جانب بڑے بڑے پہاڑی علاقے ہیں جیسے پیری نیوز اور پری پری نیوز۔عمودی پہاڑی سلسلہ۔یا وسطی وادی۔اس کی وجہ سے کتلونیا میں ہر قسم کا موسم پایا جاتا ہے۔ساحل سمندر پر ہمیں بحیرہ روم کا موسم ملے گا سردیوں ہلکی سردی۔اور گرمیوں میں بھرپور گرم موسم۔شمال میں سردی میں اونچے اونچے پہاڑوں شدید سرد موسم۔برفباری جبکہ گرمیوں میں انتہائی خوشگوار موسم ہوتا ہے

کتلونیا کی آبادی سات ملین سے زائد ہے جسے 946 میونسپل علاقوں میں تقسیم کیا گیا ہے۔کتلونیا کو دو طرح کی آبادی میں تقسیم کیا گیا ہے۔انتظامی تقسیم۔41 مضافاتی علاقے۔جبکہ حکومتی طور پر اسے چار صوبوں میں تقسیم کیا گیا ہے۔بارسلونا۔خیرونا۔لیریدا۔تاراگونا۔بارسلونا کتلونیا کا دارلحکومت ہے

بحیرہ روم کے علاقے میں ہونے کی وجہ سے مختلف ثقافتوں اور قوموں کی گذرگاہ ہونے کے باعث کتلان کلچر مختلف نظریات۔روایات اور افراد پر مشتمل ایک خوبصورت گلدستہ ہے۔کتلان معاشرہ اپنے مختلف اداروں۔ثقافت۔کتلان زبان اور قدیم روایات کی وجہ سے ایک خوبصورت امتزاج ہے۔کتلان زبان کتلونیا کی الگ شناخت اور معاشرت اتصال کا باعث ہے۔جس کی وجہ سے نئے آنے والے افراد کیلئے بہتر ہوگا کہ وہ اس ملک کی زبان کتلان سیکھیں تاکہ انہیں معاشرے میں میل ملاپ میں آسانی ہو۔اور انہیں مختلف شعبہ ہائے زندگی میں خوداعتمادی حاصل ہو۔جیسے تلاش روزگار۔مختلف شہریوں کے ساتھ میل جول اور شہری سرگرمیوں میں شرکت وغیرہ

کتلان پارلیمنٹ Parlament de Catalunya کتلان شہریوں کے جذبات اور احساسات کی ترجمان ہے اور کتلان کو ایک قوم کی شناخت دلوانے کی علامت ہے۔ایک ایسی قوم جس کی تاریخ ہزار سال پرانی ہو اور اس کا تشخص انتہائی مضبوط ہو۔اس نے دنیا کیلئے مختلف فنکارانہ صلاحیتوں کو فروغ دیا ہے اور اس کے ساتھ ساتھ ہمیشہ نئے نظریات اور جدت پسندانہ رویہ اپنائے ہوئے وہ اپنی روایات کی بھی امین ہے

کتلان معاشرے میں اجتماعی سوچ کے مالک ہیں جو ہماری سول سوسائٹی کے معاشرتی اتصال کی زندہ مثال ہے۔بہت سے تفریحی تنظیمیں ہیں۔انسانی حقوق اور سماجی بہبود کی تنظیمیں۔ثقافتی۔کھیلوں اور مقامی افراد کی تنظیمیں بھی موجود ہیں

ہسپانوی آئین Constitució espanyola کے مطابق کتلونیا کو مکمل خودمختاری حاصل ہے جبکہ کتلان آئین Estatut d'Autonomia de Catalunya اس کے تمام اداروں کو چلانے کا ذمہ دار ہے۔جنرلیتات دے کتلونیا Generalitat de Catalunya ایک نظام ہے جس کا مقصد سیاسی طور پر خودمختار حکومت کی تشکیل ہے جو کتلان پارلیمنٹ سے منسلک ہے۔جہاں 135 خواتین وحضرات ارکان پارلیمنٹ۔ایک صدر جنرلیتات اور اس کی حکومتی کابینہ۔ان تمام کا انتخاب ہر چار سال بعد الیکشن کے ذریعے ہوتا ہے

کتلان معیشت بتدریج ترقی کی جانب گامزن ہے۔جس میں تمام شعبہ جات کا اپنا اپنا ایک کردار ہے مگر اس میں مختلف شعبہ جات جیسے کتلان ٹیکسٹائل۔شراب۔بھیڑ بکریاں کی پرورش۔میٹھے پھل اور گوشت کی مصنوعات۔اسی طرح کاروں اور ان کے پرزہ جات کی اہم صنعت ہے۔کیمیکل انڈسٹری۔کھانے پینے کی اشیا۔گھریلو اشیا کی انڈسٹری۔کمپیوٹر اور ٹیلی فون انڈسٹری بھی بہت اہم ہیں۔جبکہ سیاحت کی صنعت اور مشرق کے ساتھ تعلقات بھی ایک اہم مقام رکھتے ہیں کتلونیا ایک واضح عالمی پہچان کے ساتھ آزاد ملک ہے۔اس کی خارجہ امور بارے منصوبوں سے انکار نہیں کیا جا سکتا۔یورپ جہاں علاقائی اور یورپی اداروں کے ذریعے مقامی اور علاقائی تنظیموں کو تقویت ملتی ہے۔اس کے ساتھ ساتھ کتلان معاشرہ ترقی پذیر ممالک سے تعاون میں بھی کسی سے پیچھے نہیں